سب کے لئے دارین کی سرخروئی کا ذریعہ بنائے۔''

استاد محترم شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ صاحب کتاب کے متعلق تحریر فرماتے ہیں:

''درحقیقت یہ وقیع کتاب مسواک سے وابستہ بے شمار مسائل' فضائل' فوائد' عجیب واقعات' نوادرات کا ایک گنج گرانمایہ ہے' مسواک کے موضوع پر اتنی ہمہ گیر' مفصل' جامع تالیف ابھی تک میری نظر سے نہیں گزری۔ ماشاء اللہ حضرت مولانا مفتی شیر عالم حقانی صاحب نے پوری محنت عرقریزی سے معتمد مصادر ومراجع سے مسواک کے متعلق بکھرے ہوئے علمی جواہر پاروں کو جاذب فکر ونظر انداز سے تصنیفی گلدستہ میں پرو کر فرزندان اسلام کو مسواک کی سنت پر عمل درآمد کرنے کی تلقین وترغیب سے روشناس فرمایا ہے۔''

یہ علمی اور تحقیقی کتاب اعلیٰ طباعت اور بہترین کاغذ کے باوجود انتہائی کم قیمت پر مکتبہ ایوان شریعت دارالعلوم حقانیہ سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

نام کتاب: گلدستہ (دینی احکام وفضائل) مرتبہ: عبدالوحید خان

صفحات ۱۵۱ ناشر: کیونیکس پرنٹرز' ۳۱ شاہ جمال لاہور

دینی احکامات ومسائل سے امت مسلمہ کو باخبر رکھنے کے لئے ابتداء سے لے کر تاحال اکابرین امت اور عوام وخواص نے کئی کتابیں لکھی ہیں' مولف موصوف نے اس کتاب میں سائل کے علاوہ کئی موضوعات شامل کی ہیں' مثلاً شش کلمات' مسنون دعائیں اور قرآن مجید کی سورتوں کے خواص وفضائل بیان کی ہیں' جن پر کئی کتابیں لکھی جاچکی ہیں' انبیاء علیہم السلام کی دعائیں ترجمے کے ساتھ نقل کئے ہیں۔ سیرت طیبہ پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ قصص انبیاء علیہم السلام کا کچھ حصہ بھی اس کتاب میں شامل ہے' اس کے علاوہ کئی موضوعات پر مختصراً تبصرہ موجود ہے۔

کتاب کے تمام موضوعات پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نام اس کتاب کیلئے موزوں نہیں۔ کیونکہ کتاب کا نام ہے ''گلدستہ (دینی احکام وفضائل ایک نظر میں)'' حالانکہ اس کتاب میں مسائل واحکام تقریباً ایک چوتھائی حصہ ہے۔ امید ہے آئندہ ایڈیشن میں بہتر نام تجویز کریں گے۔ کاغذ اور ٹائٹل عمدہ ہے۔ علماء اور عوام کیلئے مفید کتاب ہے۔ کتاب کو مفت حاصل کرنے کیلئے عبدالوحید خان' سیکنڈ فلور' روم نمبر ۲۱۵' 55-B اسلام آباد اسٹاک ایکسچینج ٹاور' جناح ایونیو' بلیو ایریا اسلام آباد سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

نوٹ:

خط وکتابت کرتے وقت اپنے خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے